राष्ट्रीय वित्तीय शिक्षा केन्द्र

National Centre for Financial Education

एक आर्थिक रुप से जागरुक और सशक्त भारत

A financially aware and empowered India

Promoted By :-

مالیاتی تعلیم کا کتابچہ

پرنٹ کردہ بذریعہ:
قومی مرکز برائے مالیاتی تعلیم (این سی ایف ای)
ثانوی اشاعت، 2021

ترکِ دعویٰ:
اس کتابچے کو پڑھنے اور پڑھانے کے مواد کے طور پر پیش کیا گیا ہے جس کا مخلصانہ مقصد قاری کو مالیات کے بارے میں خواندہ بنانا ہے۔اس کا مقصد کسی خاص مالیاتی مصنوعات یا خدمات کے سلسلے میں پڑھنے والے کو فیصلہ لینے میں غیر ضروری طور پر اثرانداز کرنا نہیں ہے۔کوئی بھی سرمایہ کاری کرنے سے پہلے قارئین کو صلاح دی جاتی ہے کہ وہ اپنے سرمایہ کار مشیر سے رابطہ کریں۔

کاپی رائٹ:نقل کرنے کی اجازت ہے بشرطیکہ ماخذ کا اعتراف کیا جائے۔

این سی ایف ای (قومی مرکز برائے مالیاتی تعلیم) کے بارے میں

قومی مرکز برائے مالیاتی تعلیم (این سی ایف ای) ایک سیکشن 8 (غیر منافع بخش) کی کمپنی ہے جسے بھارتیہ ریزرو بینک (آر بی آئی)، سکیورٹیز و ایکسچینج بورڈ آف انڈیا (ایس ای بی آئی)، انشورنس ریگولیٹری اور ڈولپمینٹ اتھارٹی آف انڈیا (آئی آر ڈے اے آئی) اور پنشن فنڈ ریگولیٹری اینڈ ڈولپمینٹ اتھارٹی (پی ایف آر ڈی اے) نے ترقی دی ہے۔

نظریہ -"مالی طور پر آگاہ اور مختار ہندوستان"

مشن- صارفین کے تحفظ اور شکایات کے ازالہ کے لئے منصفانہ اور شفاف میکانزم کے ذریعہ باقاعدہ اداروں کے ذریعہ مناسب مالیاتی مصنوعات اور خدمات تک رسائی حاصل کرتے ہوئے مالی بہبود کے حصول کے لئے لوگوں کو زیادہ سے زیادہ مؤثر طریقے اپناتے ہوئے مالیاتی نظم و نسق میں مدد کے لئے بڑے پیمانے پر مالی تعلیمی بیداری مہم چلانا۔

ہندوستانی مالیاتی شعبہ کے ریگولیٹرز:

آر بی آئی:بھارتیہ ریزرو بینک (آر بی آئی) ہندوستان کا مرکزی بینک ہے، جو ہندوستان کی مالیاتی پالیسی کا انتظام دیکھتا ہے اور ہندوستان کے بینک کاری اور غیر بین کاری مالیاتی شعبہ اس کے زیر انتظام ہوتے ہیں۔
ویب سائٹ:https://www.rbi.org.in

سیبی:سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا (سیبی) ہندوستان میں سیکورٹیز مارکیٹ کا ریگولیٹر ہے اور اس کا کام سکیورٹیز میں سرمایہ کاروں کے مفادات کی حفاظت کرنا، سیکورٹیز مارکیٹ کی ترقی اور تشہیر کرنا اور اس کو ریگولیٹ کرنا ہے۔
ویب سائٹ:https://www.sebi.gov.in

آئی آر ڈے اے آئی:انشورنس ریگولیٹری اینڈ ڈولپمینٹ اتھارٹی آف انڈیا (آئی آر ڈی اے آئی) ایک ریگولیٹری ادارہ ہے جس کو ہندوستان میں بیمہ اور ری انشورس صنعتوں کو باقاعدہ اور فروغ دینے کا کام سپرد کیا گیا ہے
ویب سائٹ:https://www.irdai.gov.in

پی ایف آر ڈی اے:پنشن فنڈ ریگولیٹری اینڈ ڈولپمینٹ اتھارٹی (پی ایف آر ڈی اے) ریگولیٹری ادارہ ہے جس کو پنشن شعبہ قائم کرنے، ترقی اور منظم کرتے ہوئے بڑھاپے کی آمدنی کی حفاظت کو فروغ دینے کا کامسپرد کیا گیا ہے۔
ویب سائٹ:https://www.pfrda.org.in

مواد کا جدول

صفحہ نمبر	ماڈیولس	نمبر شمار
05	بنیادی خیالات	01
08	بینک کاری	02
10	ڈیجیٹل ادائیگیاں	03
12	بیمہ	04
14	سرمایہ کاری	05
16	ریٹائرمنٹ اور پنشن	06
18	دھوکہ دہی سے تحفظ اور شکایت کا ازالہ	07

ماڈیول 1

بنیادی تصورات

اخراجات

زندگی جینے کے لیے پیسے کی ضرورت پڑتی ہے۔ آپ کو کھانا ، لباس ، رہائش ، نقل و حمل ، مواصلات اور درجنوں دیگر ضروری اخراجات کی ادائیگی کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس کے بعد چھٹیاں،تفریح،رشتہ داروں اور دیگر لوگوں کے لیے تحفے تحائف جیسی چیزیں ہوتی ہیں۔ اگر آپ اپنے ہدف تک پہنچا چاہتے ہیں تو آپ کو اپنے اخراجات سے متعلق دو چیزیں کرنے کی ضرورت ہے:

1. جانیں کہ آپ کے اخراجات کیا ہیں
2. غیر ضروری اخراجات میں کمی لائیں۔

اپنے اخراجات پر قابو پانے کا پہلا طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنے روزمرہ کے اخراجات کا پتا لگائیں تاکہ آپ جان سکیں کہ آپ کتنا خرچ کرتے ہیں اور آپ کے اخراجات کی تفصیلات کیا ہیں۔

روز مرہ کے ہر ایک خرچ کا ریکارڈ رکھیں	ہر چیز کی رسید رکھیں۔
ایسا تین مہینے تک کریں	مہینہ کے آخر میں اپنے خرچ کو جمع کریں

آپ کو جان کر تعجب ہوگا کہ آپ نے کتنا خرچ کیا اور آپ نے اس پر کتنا خرچ کیا

آمدنی، اخراجات اور بجٹ سازی

کیا کبھی کبھار آپ کو مہینہ کے آخر میں نقدی کی قلت ہوجاتی ہے؟ایسا نہیں لگتا ہے کہ آپ واقعی اپنی پسند کی چیزوں کے لیے بچت نہیں کر پاتے ہیں؟

آپ اپنے اخراجات کے ساتھ اپنی آمدنی میں توازن رکھنا سیکھ سکتے ہیں۔ اور یہاں تک کہ بچت اور اضافی چیزوں کے لیے کچھ پیسے بھی محفوظ رکھ سکتے ہیں۔چلیے ہم آپ کو دکھاتے ہیں کہ اپنی آمدنی اور مالی اخراجات کا نظم کس طرح کریں۔

سیٹنگ ترجیحات:ضروریات اور منشاء

اپنی ضروریات اور منشاء کے درمیان فرق کو سمجھنا بہت اہم ہے۔یہ آپ کو اپنی ترجیحات طے کرنے میں مدد کرے گا تاکہ آپ جان سکیں کہ اپنا پیسہ کہاں صرف کریں۔

1. ضرورت:ضرورت، کوئی ایسی چیز ہوتی ہے جس کی ضرورت ہو، جو زندگی کے لیے ضروری ہوتی ہے

2. خواہش: ایک خواہش، جس کی تمنا کی جاتی ہے، ایسی چیز جو غیر ضروری ہوتی ہے

ان تشریحات کا استعمال کرنا، "میرے سر کے اوپر چھت " ضروری ہے۔ اسی طرح کپڑا، کھانا پینا اور ادویات۔ سنیما ہال میں فلم دیکھا" ایک چاہت ہے، اور اسی طرح مہنگی ساڑی، زیور وغیرہ خریدنا۔

آمدنی

ہم میں سے بیشتر افراد کو اپنی ملازمت ، کاروبار ، کھیتی باڑی ، پنشن وغیرہ آمدنی حصول کا ذریعہ ہے۔ بہت سے لوگوں کو اپنی سرمایہ کاری سے سود کی شکل میں بھی آمدنی حاصل ہوسکتی ہے۔

آمدنی کا کوئی بھی ذریعہ ہوسکتا ہے، آپ کو اپنے اخراجات اور مستقبل کے واسطے بچت کرنے کے لیے اس کے ٹریک کو برقرار رکھان اور نظم کرنا ضروری ہے۔

اپنے اہداف کو حاصل کرنے کو یقینی بنانے کے لیے کس طرح مستقبل کے بارے میں سوچتے ہیں۔

اپنی مالی منصوبہ بندی 3سوالوں کے جواب دیتے ہیں کریں:

ابھی میں کہاں ہوں؟
میں کہاں جاناچاہتا ہوں؟
میں یہاں سے وہاں کیسے جاؤں گا؟

ایک مالی پلان آپ کو مدد کر سکتا ہے برائے:

- مستقبل کے اپنے اہداف کے ساتھ آج کی ضروریات کو متوازن کریں
- اپنے مالی وسائل کا بہترین استعمال کریں
- اپنے حالات اور ضروریات میں تبدیلی اپنائیں۔
- اپنے اہداف کے حصول کے لیے ضروری پیسے بچائیں
- غیر متوقع ہنگامی حالات کے لیے خود کو تیار کریں
- آپ کے لیے جو زیادہ اہم ہو اس کی حفاظت کریں
- سبکدوشی کے لیے تیاری کریں
- اپنے فیملی کے لیے کچھ چھوڑ دیں
- اپنی محصولات کے نظم کریں
- سمت اور سلامتی کے احساس کے ساتھ اپنی زندگی بسر کریں

مالی ہدف طے کرنا

مالی منصوبہ بندی کی ترتیب میں سب سے اہم مرحلہ ہدف طے کرنا ہے۔ مختصر مدتی، متوسط اور طویل مدتی مالی اہداف لازمی ہے۔



موٹر بائیک خریدنے کا منصوبہ

گھر خریدنے کا منصوبہ

سبکدوشی کا منصوبہ

بجٹ سازی

اب جب آپ اپنی آمدنی اور اخراجات جان لیں گے تو آپ کو ان کو ایک ساتھ رکھنے کی ضرورت ہوگی اور اسی کو بجٹ سازی کہا جاتا ہے۔ بجٹ کے بارے میں کچھ بھی مشکل نہیں ہے۔ یہ بس آمدنی اور اخراجات کے درمیان موازنہ ہے۔

آپ کی کل آمدنی اور کل اخراجات کے درمیان مثبت فرق ہے یا منفی معلوم کریں؟



اگر یہ مثبت ہو تو آپ کے پاس سرپلس ہے۔ مبارک ہو! اس اضافی رقم سے آپ کوئی قرض یا کوئی موجودہ لون ادا کرنا چاہئے۔ بصورت دیگر آپ اپنی بچت کی رقم یا متسقبل کی سرمایہ کاری کے لیے اضافہ کر سکتے ہیں۔



اگر یہ منفی ہو تو آپ خسارہ میں ہیں۔ آپ کو اپنے بجٹ میں اضافہ کرنے کے لیے اپنی آمدنی میں اضافہ کرنے کی ضرورت ہے۔ اپنی منشاء کے بجائے آپ کی ضروریات کیا ہیں اس پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے اپنے اخراجات میں کمی لائیں۔

بجٹ سازی ایک وقتی چیز نہیں ہے۔ اس کو کارگر بنانے کے لیے، آپ کو اس کو باقاعدگی سے کرنے کی ضرورت ہے۔ سب سے پہلے، یہ ہفتہ واری کریں اور ایک بار آرام محسوس کرنے کے بعد آپ اس کو ماہانہ کر سکتے ہیں۔

بچت

بچت ایک بنیادی قدم ہے جسے مستقبل کو مالی طور پر محفوظ بنانے کے لیے اٹھانا ضروری ہے۔اپنی بچت کو بڑھانے کے لئے زیادہ سے زیادہ وقت دینے کے واسطے جلد شروع کریں۔

<u>مرکب سازی کی طاقت کیا ہے؟</u>

سود مفردسے آپ صرف راس المال پر سود پاتے ہیں (یعنی جو رقم آپ نے شروع میں سرمایہ کاری کی ہے)؛ جب کہ مرکب کے ساتھ آپ راس المال کے ساتھ ہی پہلے حاصل کردہ سود پر بھی کما سکتے ہیں۔

مجموعی طور پر 100/- روپیہ، 10 سالوں کے لیے، 10% کی شرح سود پر ، سود مفرد کے ساتھ 200/- روپئے کی رقم، اور میچورٹی پر مرکب سود کے ساتھ (تقریبا) 260/- روپئے سرمایہ کاری کی-<u>**72** کا قاعدہ</u>:

72 کا قاعدہ ایک تیز ، مفید فارمولا ہے جس کا استعمال دیے گئے سالانہ منافع کی شرح پر لگائے گئے پیسہ کو دوگنا کرنے کے واسطے لگنے والے سالوں کی تعداد کی تخیمہ کاری کے واسطے کیا جاتا ہے۔

دوگنا کرنے کے لیے سال = 72 / شرح سود

9% کے شرح سود پر سرمایہ کاری کردہ 1000 روپیے کی رقم کو دوگنا ہونے میں 72/9 = 8 سال لگیں گے

بچت کس طرح کریں؟

جب آپ نے یہ فیصلہ کر لیا کہ آپ بچت کرنا چاہتے ہیں، تو اس کے لیے کیا کریں؟

مالی منصوبہ بندی

مالی فیصلے ہم اپنی زندگی میں جو کچھ کرتے ہیں اس کی بنیاد پر لیتے ہیں۔ ایک خراب سوچ کی بنیاد پر لیے گئے مالیاتی فیصلے کے باعث قرض تلے ڈوب سکتے ہیں، جہاں اچھی سوچ کی بنیاد پر لیے گئے فیصلے خوشحالی کا باعث بن سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مالی منصوبہ بندی مالی بہتری کے لیے اہم ہیں۔

ہم میں سے بہت سے لوگ سوچتے ہیں کہ مالی منصوبہ بندی صرف سبکدوشی/عمر درازی کے واسطے سرمایہ کاری سے متعلق ہوتی ہے۔ یہ ہوتا ہے۔ لیکن اس کے علاوہ بھی بہت کچھ ہوتے ہیں۔ خواہ آپ کالج گریجویٹ ہوں، نوجوان شخص ، گھریلو بیوری یا بزرگ افراد ، مالی منصوبہ بندی یہ ہے کہ آپ

بچت کس طرح کریں؟

جب آپ نے یہ فیصلہ کر لیا کہ آپ بچت کرنا چاہتے ہیں، تو اس کے لیے کیا کریں؟ان چیزوں کو ذہن میں رکھیں:

اپنی بچت اور خرچ کے لیے پلان تیار کریں۔ غیر ضروری اخراجات کمی لائیں اور اپنی بچت ایک علاحدہ کھاتہ میں رکھیں۔ ضرورت کی چیزوں پر خرچ کریں، لیکن عقلمندی کے ساتھ

عام طور پر بہتر یہ ہے کہ آپ اپنی بچت شروع کرنے سے پہلے سود والے سارے قرض ختم کردیں ، کیوں کہ بچت منصوبے کے ذریعہ آپ کو کمانے سے زیادہ لاگت آتی ہے۔ سب سے پہلے ان قرضوں کو ادا کریں اور پھر باقاعدگی سے پیسہ بچت کھاتہ میں ڈالیں۔

سب سے پہلے اپنے اوپر خرچ کریں۔ کسی چیز پر خرچ کرنے سے قبل اپنی آمدنی الگ کر کے رکھیں۔ چیزوں پر خرچ کرنے کیلئے بچانے کے بعد جو باقی بچا ہے اس کا استعمال کریں۔ ساتھ ہی اگر آپ کی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے، تو اپنی بچت میں تھوڑا اور اضافہ کریں (ان میں سے زیادہ تر، اگر آپ کر سکتے ہیں)۔ اضافی رقم خرچ کرنے کی عادت ڈالنے سے پہلے ایسا کرنا آسان بنا دے گا۔

اپنی بچت کے لیے باقاعدگی سے اپنا تعاون دیں۔ اس کو آسان بنانے کے لیے اپنے بچت کھاتہ میں خود ساختہ ماہانہ منتقلی سیٹ کر دیں

اپنی بچت کو زائد ترین کرنے کے لیے ٹیکس فوائد اسکیمیوں کا استعمال کریں۔ اسکیمیں جیسے ای پی ایف، پی پی ایف، ایس ایس سی، ای ایل ایس ایس، ایس ایس وائی، این پی ایس وغیرہ اپنی بچت میں آپ کے ذریعہ ادا کیے جانے والی محصولات پر بوجھ کم کرنے کا اچھا طریقہ ہے۔

کہاں بچت کریں؟

آپ کو معلوم ہے کہ آپ کم سے کم مہینہ میں تھوڑی بچت کر سکتے ہیں۔ ان کو محفوظ رکھنے کے لیے اپنی بچت کے ساتھ آپ کو کیا کرنا چاہئے؟ یہاں بہت سے اختیارات ہیں۔ یہ کسی بینک میں بچت کھاتہ جتنا آسان ہوسکتا ہے۔ یہ ریکرنگ یا فکسڈ ڈپازٹ یا پوسٹ آفس سیونگ اسکیمیں ہوسکتی ہیں۔

بچت کرتے وقت ذہن نشین کرنے والے نکات:

- یقینی بنائیں کہ آپ کی بچت مختلف انسٹرومینٹ میں سرمایہ کاری کی جائے (سرمایہ کاری پر مبنی ماڈیول سے رجوع کریں)۔
- کچھ حصہ لیکوڈ ایسٹ میں ڈالنا چاہئے تاکہ آپ ضرورت کے وقت پیسے نکال سکیں۔
- اپنے پیسے جوکھم بھرے انسٹرومینٹ میں نہ ڈالیں جو بہت جوکھم بھرے/غیر منظم ہوں اس میں آپ اپنا سب کچھ کھو سکتے ہیں!!!

ذہین اہداف طے کرنا

اگر آپ کہیں جانا چاہتے ہیں، تو آپ کو شاہراہ کی معلومات ہونی چاہئے۔ اسی طرح آپ کے پیسہ کے ساتھ ہے۔ اپنے پیسہ کا اچھی طرح نظم کرنے کے لیے،

آپ کو جاننا ضروری ہے کہ آپ کہاں جانا چاہتے ہیں۔ مختصر مدتی، متوسط اور طویل مدتی مالی اہداف اہم ہے۔

مثال کے طور پر، "موٹر سائیکل کے لیے بچت کرنا" مبہم اور اندازہ لگانا مشکل ہے۔ آپ کو کیسے پتہ چلے گا کہ آپ ترقی کر رہے ہیں یا اسے حاصل کر لیا ہے؟ دوسری طرف، "10 مہینے کے اندر 100 سی سی موٹر سائیکل کے لیے 50000 روپئے کی بچت کرنا۔ یہ مخصوص ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ صحیح معنی میں آپ کس چیز کے لیے بچت کر رہے ہیں۔ یہ قابل پیمائش ہے ۔ آپ جانتے ہیں کہ آپ کو کتنے کی ضرورت ہوگی۔ یہ قابل حصول اور حقیقت پسندانہ۔ آپ ضروری کل رقوم کو چھوٹے حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں (5000 روپئے ماہانہ بچت کرنا) جو کرنا آسان ہوگا اور اور یہ وقت محدود ہے جو آپ نے 10 ماہ کی حتمی میعاد مقرر کردی ہے۔

بچت:

بچت ایک بنیادی قدم ہے جسے مستقبل کو مالی طور پر محفوظ بنانے کے لیے اٹھانا ضروری ہے۔ اس سے آپ کو اپنے مالی اہداف پورا کرنے اور اپنے مستقبل کے لیے فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔

بچت کیا ہے؟

بچت کو درج ذیل کے موافق دیکھنا اچھا نظریہ ثابت ہوگا:

بچت = آمدنی - اخراجات ✗

اخراجات = آمدنی – بچ ✓

اس سے قبل کہ آپ کچھ خرچ کریں آپ کو اپنی آمدنی کا کچھ حصہ علاحدہ کر کے رکھنا چاہئے۔

بچت کیوں کریں؟

بغیر بچت کے جب آپ کوئی چیز خریدنا چاہیں گے تو آپ کو ادھار لینا ہوگا۔ مستعار لینا مہنگا پڑتا ہے کیونکہ نہ صرف یہ آپ کو واپس ادا کرنا ہوتا ہے بلکہ آپ کا سود بھی اکثر اعلی ماہانہ شرح پر سود ادا کرنا پڑتا ہے۔ بچت آپ کو اس سود سے بچنے کی سہولت دیتا ہے جو آپ کو قرض لینے کے دوران ادا کرنا پڑتا ہے۔

ماڈیول 2 بینک کاری

بینک ایک مالی ادارہ ہے جو عوام سے پیسے لیتا ہے اور لوگوں کو ادھار دیتا ہے۔ ہندوستان میں بینک کاری شعبہ بھارتیہ ریزرو بینک (آر بی آئی) کے تحت ریگولیٹ کیے جاتے ہیں۔
چلیے اختصار سے بینک کی مختلف قسموں کو سمجھتے ہیں:-

بچت کھاتہ (ڈیمانڈ ڈپازٹ)

بچت کھاتے مختصر مدتی بچت کے لیے فائدہ مندہ ہیں۔ اپ کسی بھی وقت پیسہ کسی بینک میں جمع کروا سکتے ہیں۔ یہ آپ کی بچت کو محفوظ کرے گا اور تھوڑا سود ادا کرے گا۔ جب بھی آپ کو ضرورت پڑے گی آپ پیسہ نکال سکتے

ریکرنگ ڈپازٹ (وقتی ڈپازٹ)

آر ڈی کے نام پر معروف ریکرنگ ڈپازٹ بہترین ہے اگر آپ کسی خاص موقع جیسے کار خریدنے کے لیے ایک وقفہ میں فنڈ تخلیق کرنا چاہتے ہیں۔ یہ ان لوگوں کے لیے انتہائی موزوں ہے جن کے پاس بڑی مقدار میں بچت کی رقم نہیں ہے، لیکن وہ ہر مہینہ تھوڑی رقم بچت کرنا چاہتے ہیں۔ اس میں نکالنے کی اجازت نہیں ہوتی ہے۔

فکسڈ ڈپازٹ (وقتی ڈپازٹ)

عام طور پر یہ ایف ڈی کے نام سے جانا جاتا ہے جہاں آپ ایک مقررہ مدت کے لئے رقم جمع کرسکتے ہیں۔ جمع کرنے والے کو ایک مقررہ ڈپازٹ کی رسید دی جاتی ہے، جسے میچورٹی کے وقت جمع کرنے والے پیش کرنا ہوتا ہے۔ نکاسی کی اجازت نہیں ہوتی ہے، تاہم ضرورت پڑنے کی صورت میں جمع کرنے والا فکسڈ ڈپازٹ کھاتہ جرمانہ ادا کرتے ہوئے بند کرنے کی درخواست کر سکتا ہے۔

ڈپازٹ بیمہ

ڈپازٹ بیمہ اور کریڈٹ گارنٹی کارپوریشن (ڈی آئی سی جی سی) تمام ڈپازٹ جیسے فکسڈ، کرنٹ، ریکرنگ وغیرہ کی بیمہ کرتا ہے بینک میں ہر جمع کرنے والے کو جمع کرانے والے کے ذریعہ راس المال اور سود دونوں کے لئے زیادہ سے زیادہ، 5,00,000 تک کا بیمہ کرایا جاتا ہے۔

"پردھان منتری جن دھن یوجنا (پی ایم جے ڈی وائی)" نیشنل مشن برائے مالیاتی شمولیت کے تحت ابتدائی طور پر 4 سال کی مدت کے لئے 28 اگست 2014 کو (دو مرحلوں میں) شروع کیا گیا تھا۔اس میں ہر گھر، مالی خواندگی، کریڈٹ تک رسائی، بیمہ اور پنشن کے لئے بینکاری سہولیات تک عالمگیری رسائی کا تصور کیا گیا ہے۔

حکومت نے درج ذیل ترمیمات کے ساتھ "ہر گھر" کے "ہر بالغ" کا اکاؤنٹ کھولنے پر توجہ دیتے ہوئے، 28.8.2018 سے آگے جامع پی ایم جے ڈی وائی پروگرام میں توسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے:

(i) موجودہ اوور ڈرافٹ (او ڈی) 5,000 روپئے کی حد ترمیم شدہ تا 10,000 روپئے

(ii) 2000 روپئے تک او ڈی حاصل کرنے والے فعال پی ایم جے ڈی وائی اکاؤنٹس کے لیے کوئی شرطیں منسلک نہیں ہیں۔

(iii) او ڈی سہولت حاصل کرنے کے لئے عمر کی حد 18-60 سال سے بڑھا کر 18-65 سال کردیا گیا ہے۔

(iv) جدید روپیے کارڈ حاملین کے لئے حادثاتی انشورنس کا احاطہ 28.8.2018 کے بعد کھولے گئے پی ایم جے ڈی وائی کھاتوں کے لئے 2 لاکھ روپئے کر دیا گیا ہے۔

مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں:https://pmjdy.gov.in/

ہندوستان میں بینک کاری

روایتی تجارتی بینک

سرکاری شعبے کے بینک: سرکاری شعبے کے بینکوں میں زیادہ تر حصص حکومت کا ہوتا ہے۔ ہندوستان میں قومی بینک اور علاقائی دیہی بینک ان حکمت عملیوں کے زمرے کے تحت آتے ہیں۔مثال: ایس بی آئی، بی او بی، پی این بی وغیرہ

نجی شعبے کے بینک: نجی شعبے کے بینکوں میں زیادہ تر حصص نجی شیئر ہولڈرز کے ہوتے ہیں۔ بھارتیہ ریزرو بینک نے تمام قواعد و ضوابط اخذ کیے ہیں۔مثال: ایچ ڈی ایف سی بینک، آئی سی آئی سی آئی۔ ایکسس بینک وغیرہ

علاقائی دیہی بینک: ان بینکوں کو بنیادی طور پر معاشرے کے کمزور طبقے جیسے پسماندہ کسانوں ، مزدوروں ، چھوٹے کاروباری اداروں کی مدد کے لئے قائم کیا گیا تھا۔ یہ بنیادی طور پر مختلف ریاستوں میں علاقائی سطح پر کام کرتے ہیں۔

کوآپریٹیو بینک

کوآپریٹیو بینک: ہندوستان میں دیہی کوآپریٹو کریڈٹ سسٹم بنیادی طور پر زراعتی شعبے میں قرض کی روانی کو یقینی بنانے کے لیے قائم کیے گئے ہیں۔یہ گاؤں کی سطح پر تین ٹیئر نظام بنیادی زرعی کریڈٹ سوسائٹز ، ضلعی سطح پر مرکزی کوآپریٹو بینکوں اور ریاستی سطح پر ریاستی کوآپریٹو بینکوں کے ساتھ کام کرتا ہے۔
شہری کوآپریٹو بینک (یو سی بی) شہری اور نیم شہری علاقوں میں صارفین کی مالی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔

جدید بینک کاری ماڈلس

ادائیگی والے بینک: یہ بینک ایک محدود ڈپازٹ قبول کرسکتے ہیں ، جو فی الحال ہر گاہک کے لیے ₹ 100،000 تک محدود ہے اور اس میں مزید اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ادائیگی والے بینک اے ٹی ایم کارڈز، ڈیبٹ کارڈز، نیٹ بینکنگ اور موبائل بینک کاری کے لیے خدمات جاری کر سکتے ہیں۔ مثال: ہندوستان پوسٹ پیمنٹ بینک (آئی پی پی بی)

چھوٹے مالیاتی بینک: ڈپازٹ کی قبولیت اور بنیادی قرضوں کی بنیادی بینک کاری خدمات فراہم کرتا ہے۔اس کے پیچھے مقصد یہ ہے کہ معیشت کے ایسے حصوں کو مالی شمولیت فراہم کی جائے جو دوسرے بینکوں جیسے چھوٹے کاروباری یونٹ، چھوٹے اور غریب کسان، مائیکرو اور چھوٹی صنعتیں اور غیر منظم شعبے سے جڑے ادارے۔

ڈولپمینٹ فائنانس انسٹی ٹیوشن (ڈی ایف آئی)

ڈولپمنٹ فائنانس انسٹی ٹیوٹ (ڈی ایف آئی)، جسے ڈولپمنٹ بینک بھی کہا جاتا ہے جو ایک ایسا مالی ادارہ ہے جو معاشی ترقیاتی منصوبوں کے لئےغیر تجارتی بنیادوں پر پُرخطر سرمایہ فراہم کرتا ہے۔مثال:سمال انڈسٹریز ڈولپمنٹ بینک آف انڈیا (ایس آئی ڈی بی آئی)، نیشنل بینک برائے زراعتی اور دیہی ترقیات (نبارڈ) ، نیشنل ہاؤسنگ بینک، (این ایچ بی)، وغیرہ۔

مائکرو فائنانس انسٹی ٹیوشن (ایم ایف آئی)

وہ ادارے جن کو مائکرو فائنانس کہا جاتا ہے ان کے اہم کاموں کے طور پر مائیکرو فائنانس اداروں کے نام سے جانا جاتا ہے۔یہ ادارے نہ صرف مائیکرو کریڈٹ کی پیش کش کرتے ہیں بلکہ بیمہ، ترسیلات زر اور غیر مالی خدمات جیسے انفرادی مشاورت، تربیت اور کاروبار شروع کرنے کے لئے مائیکرو معاونت کی سہولیات فراہم کرتے ہیں۔

متوسط/طویل مدتی قرض
مثلاً:ہاؤسنگ لون،
انڈسٹریل لون

بمقابلہ

قلیل مدتی کریڈٹ
مثلاً:ورکنگ کیپٹل،
کریڈٹ کارڈ

کسان کریڈٹ کارڈ (کے سی سی)

- **بھارتیہ ریزرو بینک اور نبارڈ نے مل کر کے سی سی کا تصور دیا تاکہ زراعت سے جڑے لوگوں کو آسانی سے نقدی کریڈٹ کی سہولیات حاصل کرنے میں مدد مل سکے۔**
- **کاشتکار زراعت سے متعلق اشیاء جیسے بیج، کھاد اور کیڑے مار ادویات وغیرہ کی آسانی سے خریداری کے لئے کے سی سی کا استعمال کرسکتے ہیں۔ کے سی سی فصلوں کی کاشت کے لئے قلیل مدتی اور بروقت کریڈٹ تقاضوں میں مدد کرتا ہے۔**

چیک
چیک وہ دستاویز ہے جو بینک اکاؤنٹ سے ادائیگیوں کا آرڈر دیتا ہے



<u>سرکاری کریڈٹ اسکیموں کی مثالیں</u>

ودیالکشمی پورٹل کے ذریعہ تعلیمی قرض
- تعلیمی قرض حاصل کرنے کا آسان اور موثر نظام ہے تاکہ کسی بھی فنڈ کی کمی کے باعث اپنی تعلیم کو بیچ میں ہی ادھورا نہ چھوڑنا پڑے
- عام طور پر تعلیمی لون درخواست فارم طلباء کے لیے دستیاب ہوتا ہےـذیل پر جائیں:www.vidyalakshmi.co.in

پردھان منتری آواس یوجنا (پی ایم اے وائی)
- کمتر آمدنی گروپ / معاشی طور پر کمزور شعبہ اور درمیانی آمدنی والے گروپ کیلئے کریڈٹ لنکڈ سبسڈی اسکیم ہے۔
- پہلی دفعہ نیا گھر خریدتے یا جدید تعمیری کام کرتے وقت افراد اس سبسڈی کو حاصل کرنے کے اہل ہوتے ہیں
ذیل پر جائیں:https://pmaymis.gov.in

پردھان منتری مودرا یوجنا (پی ایم ایم وائی)
- ایک سرکاری اسکیم ہے جو چھوٹے اور درمیانی درجے کے کاروباری اداروں کے مالکان یا کاروباری افراد کو کاروباری قرض فراہم کرتی ہے
- پیش کردہ آفر: شیشو، کشور، اور ترون حاصل کردہ لون پر منحصر ہیں
- ضروری دستاویزات: شناختی ثبوت ، خریدی گئی اشیا کا کوٹیشن اور زمرہ کی سند
ذیل پر جائیں:https://www.mudra.org.in

غیر بینک کاری مالی کمپنی (این بی ایف سی):غیر بینک کاری ادارے کمپنیوں کے ایکٹ 1956/2013 کے تحت رجسٹرڈ کمپنی ہوتی ہے جس کی نگرانی آر بی آئی کرتا ہےـاین بی ایف سی قرضوں اور ایڈوانسز، تمسکات کے حصول، لیز کا کاروبار، ہائر-خریداری، بیمہ کاروبار، چٹ بزنس وغیرہ کے کاروبار میں مصروف ہے۔ یہ بینکوں سے مختلف ہوتے ہیں، عام طور پر وہ ڈیمانڈ ڈپازٹ قبول نہیں کر سکتے، اور ادائیگی اور تصفیہ کے نظام کا حصہ نہیں بن سکتے

بزنس کرسپانڈنس (بی سی): ایسے بینک جن کو ایجنسی کی حیثیت سے کام کرنے کے لئے مقامی انفرادی افراد اور دیگر افراد کو بی سی کے طور پر مقرر کرنے کی سہولت دی گئی ہےـبی سی معلوماتی اور مواصلاتی ٹیکنالوجی (آئی سی ٹی) پر مبنی آلات جیسے ہاتھ والی مشینیں، سمارٹ کارڈ پر مبنی آلات، موبائل فونز،وغیرہ کا استعمال کرتا ہے بی سی ہماری دہلیز پر بینکاری خدمات مہیا کرنے کا ایک طریقہ ہے کیونکہ ہمارے علاقے سے بینک کا برانچ بہت دور ہے۔

کریڈٹ اور ڈیبٹ کا انتظام

مکان ، کار یا بچوں کی تعلیم کے حصول کے لئے بہت سے لوگوں کو قرض حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ اسے کریڈٹ کہا جاتا ہے۔ مالیاتی ماہرین اکثر اچھے قرض اور خراب قرض کے درمیان امتیاز کرتے ہیں۔ اچھا قرض کسی ایسی چیز میں سرمایہ کاری ہے جو قدر پیدا کرتی ہے یا طویل عرصے میں زیادہ دولت تخلیق کرتی ہے۔ برا قرض کوئی ایسی چیز خریدنے کے لیے لیا جاتا ہے جس کی قیمت فورا کم ہوجاتی ہے۔

ڈیبٹ کارڈ بنام کریڈٹ کار

ماڈیول 3 ڈیجیٹل ادائیگیاں

ڈیجیٹل ادائیگیاں وہ ادائیگیاں ہیں جس میں ادا کنندہ اور وصول کنندہ دونوں پیسہ بھیجنے کے لیے الیکٹرونک طریقہ کا استعمال کرتے ہیں

ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فوائد

- تیز، آسان اور سہولت پسند۔
- کفایتی اور کم لین دین فیس۔
- ایسے لین دین کا ڈیجیٹل ریکارڈ فراہم کرتا ہے جس کا صارف. سراغ لگا سکتے ہیں۔
- کسی طرح کی ادائیگیوں کے لیے ون اسٹیپ سالوشن دیتا ہے۔

ڈیجیٹل ادائیگیوں میں کیا کریں اور کیا نہ کریں

کریں	نہ کریں
اپنے موبائل اور کمپیوٹر کے لئے پاس ورڈ استعمال کریں تاکہ کسی اور کی آپ کے سسٹم تک رسائی نہ ہو سکے۔	اپنی موبائل بینکنگ لاگ ان اور پاس ورڈ فون پر کبھی بھی محفوظ نہ کریں۔ یا تو اس کو یاد کر لیں یا کہیں اس کو لکھ کر رکھ لیں۔
ہمیشہ اپنے بینک کی محفوظ انٹرنیٹ بینکنگ سائٹ باقاعدگی سے وزٹ کریں۔	اپنا ہینڈ سیٹ میں موبائل بینکنگ ایپ میں لاگ ان کرتے ہوئے کبھی بھی اکیلا نہ چھوڑیں۔
اپنا ٹرانزیکشن مکمل کرنے کے فورا بعد اپنا انٹرنیٹ بینکنگ لاگ آوٹ کریں	موبائل کے ذریعہ مالی ٹرانزیکشن کرتے ہوئے اپنا فون کبھی بھی اکیلا نہ چھوڑیں
اگر آپ کو اپنے اکاؤنٹ میں غیر مجاز لین دین ہونے کا شبہ ہو تو اس کی اطلاع اپنے بینک کو فورا دیں	کبھی بھی معتبر اور مشکوک سورسز سے ایپس ڈاؤن لوڈ نہ کریں

ڈیجیٹل ادائیگیوں کے طریقے

کیش لیس لین دین کو بڑھاوا دینے اور ہندوستان کو کم نقدی والی سوسائٹی میں تبدیل کرنے کے حصے کے طور پر ، ڈیجیٹل ادائیگی کے مختلف طریقے دستیاب ہیں۔

(ماخذ: www.cashlessindia.gov.in)

بینک کاری کارڈز 	بینک پری پیڈ کارڈز 
انٹرنیٹ بینکنگ	فروختگی کا پوائنٹ
موبائل بینکنگ	غیر ساختشدہ اضافی خدمات کا ڈیٹا (یو ایس ایس ڈی)
مائیکرو اے ٹی ایم	آدھار مجاز کردہ ادائیگی نظام (اے ای پی ایس
موبائل ویلیٹس	یونیفائڈ پیمنٹ انٹرفیس (یو پی آئی)

انٹرنیٹ بینکنگ

انٹرنیٹ بینکنگ، جسے آن لائن بینکنگ، ای بینکنگ یا ورچول بینکنگ کے طور پر بھی جانا جاتا ہے، وہ ایک الیکٹرانک ادائیگی کا نظام ہے جو کسی بینک یا دیگر مالیاتی ادارے کے صارفین کو مالیاتی ادارے کی ویب سائٹ کے ذریعہ متعدد مالی لین دین کرنے کے قابل بناتا ہے

لین دین کی قسمیں ہیں:

نیشنل الیکٹرونک فنڈ ٹرانسفر (این ای ایف ٹی)
مستفدین کے اکاؤنٹ نمبر اور آئی ایف ایس سی (انڈین فائنانشیل سسٹم کوڈ) کا استعمال کرتے ہوئے ایک بینک اکاونٹ سے دوسرے بینک کے مختلف اکاونٹ میں رقوم کی منتقلی۔
کم از کم حد: کوئی حد نہیں زائد ترین حد: کوئی بندش نہیں

ریئل ٹائم گراس سیٹلمینٹ (آر ٹی جی ایس)
مستفدین کے اکاؤنٹ نمبر اور آئی ایف ایس سی کا استعمال کرتے ہوئے ایک بینک اکاونٹ سے دوسرے بینک کے مختلف اکاؤنٹ میں ریئل ٹائل کی بنیاد پر اعلی قدری لین دین کی سہولیات فراہم کرتے ہوئے رقوم کی منتقلی۔
کم از کم حد: 2 لاکھ۔۔۔زائد ترین حد: کوئی بندش نہیں

فوری ادائیگی سروس (آئی ایم پی ایس)
انسٹینٹ فنڈ ٹرانسفر کی سہولت فراہم کرتے ہوئے ایک بینک اکاونٹ سے دوسرے میں فنڈز ٹرانسفر کرنا۔
موبائل کے ذریعہ فنڈ ٹرانسفر کرنے کے لیےبینک کے ذریعہ جاری کردہ، موبائل منی شناخت کنندہ ضروری ہےلین دین مستفدین کا اکاونٹ نمبر اور آئی ایف ایس سی کوڈ استعمال کرتے ہوئے بھی انجام دیا جاسکتا ہے۔

آئی ایم پی ایس، این ای ایف ٹی اور آر ٹی جی ایس 24/7 دستیاب ہیں

غیر ساختشدہ اضافی خدمات کا ڈیٹا (یو ایس ایس ڈی)

اختراعی ادائیگی سروس *99# غیر ساخت شدہ اضافی سروس ڈیٹا (یو ایس ایس ڈی) چینل پر کام کرتا ہے۔ یہ سروس بنیادی خصوصیت والے موبائل فون کا استعمال کرتے ہوئے موبائل بینکاری لین دین کی سہولت دیتی ہے، یو ایس ایس ڈی پر مبنی موبائل بینکنگ کے استعمال کے لیے موبائل انٹرنیٹ ڈیٹا کی سہولت کی قطعی ضرورت نہیں پڑتی۔ اس کا مقصد کمزور طبقے کو بینکنگ خدمات کے اصل دھارا میں شامل کرنے اور مالی گہرائی عطا کرنا ہے۔

یونیفائڈ پیمنٹس انٹرفیس (یو پی آئی)

ایک ایسا نظام جو متعدد بینک اکاؤنٹس کو متعدد بینک کاری خصوصیات ، ہموار فنڈ روٹنگ اور مرچنٹ کی ادائیگیوں کو ایک جگہ پر ضم کرتے ہوئےکسی ایک موبائل ایپلی کیشن (کسی بھی شریک بینک) میں اختیار دیتا ہے۔

اس سسٹم میں کسی سمارٹ فون وی پی اے (ورچول پیمنٹ پتہ) کا استعمال کرتے ہوئے لین دین ہر وقت کی بنیاد پر 24x7 فنڈ ٹرانسفر کیا جاسکتا ہے۔ہر ایک کو بینک کی تفصیلات استعمال کرتے ہوئے یو پی آئی مجاز بینک ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے اور لاگ ان کرنے کی ضرورت ہے۔

اینڈ صارف کو یو پی آئی کے فوائد:

- رازداری- صرف ورچول ادائیگی پتہ شیئر کریں اور اس کے علاوہ کوئی حساس معلومات ساجھا نہ کریں
- ایک سے زیادہ افادیت - ترسیل / بل تقسیم اشتراک / مرچنٹ کی ادائیگیاں / ترسیلات زر
- ون کلک 2 ایف اے- صرف پن درج کرتے ہوئے لین دین مجاز قرار دیں
- مختلف انٹرفیسز پر کام کرتا ہے- ویب انٹرفیس پر تخلیق شدہ ادائیگیوں کی درخواست، موبائل انٹرفیس (اے پی پی) پر مجاز
- 24/7 دستیابی اور گاہک اپنے ذاتی ڈیوائس پر لین دین نہیں کرتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے، لنک دیکھیں:
https://www.npci.org.in/product-overview/upi-product-overview

یو پی آئی 2.0



یہ یو پی آئی سسٹم کا نیا ورژن ہے، جو صارفین کو اپنے اوورڈرافٹ اکاؤنٹس کو یو پی آئی ہینڈل سے لنک کرنے کے قابل بناتا ہے۔

صارف مخصوص تاجر کے لئے مختارنامہ جاری کرتے ہوئے لین دین کو پہلے سے اجازت دینے کے اہل بھی ہوتا ہے۔

یو پی آئی 2.0 ورژن میں ایسا فیچر شامل کیا گیا ہے جس میں لین دین کا انوائس دیکھا اور اسٹور کیا جاسکتا ہے۔

موبائل بینکنگ

موبائل بینکنگ ایسی سروس ہے جو کسی بینک یا دوسرے مالیاتی ادارے کے ذریعہ فراہم کی جاتی ہے جو اپنے صارفین کو موبائل فون یا ٹیبلٹ جیسے موبائل ڈیوائس کا استعمال کرتے ہوئے دور رہتے ہوئے مختلف قسم کے مالی لین دین انجام دینے کی سہولت دیتی ہے۔

موبائل ویلیٹ

موبائل ویلیٹ ڈیجیٹل شکل میں نقدی لے جانے کا طریقہ ہے۔ کسی شخص کے اکاؤنٹ میں پیسہ لوڈ کرنے کے لئے اس کا ڈیجیٹل ویلیٹ سے منسلک ہونا ضروری ہے۔ زیادہ تر بینکوں کے اپنے ای ویلیٹس ہوتے ہیں اور کچھ نجی کمپنیاں کے بھی ہیں جیسے پے ٹی ایم، فری چارج، موبائل کویک، آکسیجن، ایئرٹیلمنی وغیرہ

فروختگی کا پوائنٹ

فروختگی کا نکتہ (پی او ایس) وہ مقام ہے جہاں فروخت کیا جاتا ہے۔ مائیکرو لیول پر پی او ایس ایک مال، مارکیٹ یا شہر ہوسکتے ہیں۔ مائیکرو لیول پر خوردہ فروش پی او ایس کو ایسا علاقہ تصور کرتے ہیں جہاں گاہک چیک آوٹ کاؤنٹر کے طور پر ٹرانزیکشن مکمل کرتا ہے۔ اس کو خریداری کا نقطہ کے طور پر جانا جاتا ہے۔

مائیکرو اے ٹی ایم

مائیکرو اے ٹی ایم کا مطلب ایک ایسا آلہ ہے جس کو بزنس نمائندوں (بی سی) کے ذریعہ بنیادی بینکاری خدمات فراہم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ پلیٹ فارم کاروباری نمائندوں کو (جو مقامی خوردہ دکان کا مالک ہوسکتا ہے اور فوری مائیکرو اے ٹی ایم کے طور پر کام کرےگا) فوری طور پر لین دین کرنے کے قابل بنائے گا۔

آدھار مجاز کردہ ادائیگی نظام (اے ای پی ایس)

اے ای پی ایس بینک کی سربراہ والا ماڈل ہے جو پی او ایس (پوائنٹ آف سیل/مائیکرو اے ٹی ایم) پر کاروباری نمائندوں (بی سی)/کسی بینک کا بینک متر آدھار توثیق نظام کا استعمال کرتے ہوئے آن لائن تبادلہ کے ذریعہ لین دین کی سہولت دیتا ہے۔

ماڈیول 4

بیمہ

کوئی بھی حادثہ یا نازک بیماری کی پلاننگ نہیں کر سکتا ہے۔ آپ کو ان چیزوں کے ہونے کے مواقع ہوسکتے ہیں کہ بہت کم ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے لوگوں نے بیمہ خریدنا ترک کر دیا جو کہ اسے خریدنا چاہئے۔ لیکن حادثے ہوتے ہیں۔ یہ صرف اس صورت میں ہوتا ہے جب واقعہ ہوجاتا ہے اس وقت ہمیں احساس ہوتا ہے کہ ہمیں تحفظ کے لئے انشورنس کور لینا چاہئے تھا۔ بیمہ مالی نقصان سے بچاؤ کا ایک ذریعہ ہے اور اس کو کسی ہنگامی یا غیر یقینی نقصان کے خطرہ سے بچانے کے لئے جاری کیا جاتا ہے۔



بیمہ کو وسیع پیمانے پر دو زمروں میں تقسیم کیا جاتا ہے:

1. لائف انشورنس
2. **جنرل انشورنس**

1. لائف انشورنس

لائف انشورنس آپ کی وفات کے بعد آپ کے لواحقین کو مالی معاوضہ فراہم کرتا ہے۔ جب آپ کوئی لائف انشورس پالیسی خریدتے ہیں، آپ ایک مستفید کا نام دیتے ہیں۔ عام طور پر یہ صلاح دی جاتی ہے کہ آپ اپنے خاندان کی حفاظت کے لیے۔ اپنی سالانہ آمدنی کا 7 سے 10 گنا تک کوریج والا بیمہ خریدیں۔

لائف انشورنس کی قسمیں

میقاتی بیمہ:یہ ایک مقررہ مدت تک فعال رہے گا اور پالیسی سے متعلق آپ کی زندگی سے متعلق بدقسمت حادثہ کی صورت میں ، آپ کے نامزد کردہ افراد کو 'بیمہ شدہ رقم' موصول مل جائے گی۔ حالانکہ قسط کی واپسی نہیں ہوگی، لیکن یہ خطرہ کو کم کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔

اوقافی بیمہ:لائف انشورنس معاہدہ مخصوص مدت کے بعد یا موت کے بعد مخصوص معاوضہ ادا کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ عام پختگی کی حد دس، پندرہ یا بیس سالوں سے ایک مخصوص عمر کی حد تک ہے۔

پوری عمر:مستقل لائف انشورنس کی قسمیں جو اس وقت تک موثر رہتی ہے جب تک آپ قسطوں کی ادائیگی کرتے رہتے ہیں۔

یونٹ لنکڈ انشورنس:انشورنس کا مجموعہ اور ایک سرمایہ کاری ایک گاڑی کی مانند ہے، پالیسی حاملین کے ذریعہ ادا کردہ قسط کا ایک حصہ انشورنس کوریج فراہم کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے اور باقی حصہ ایکویٹی اور قرض انسٹرومینٹس میں لگایا جاتا ہے۔

2. جنرل انشورنس

اس طرح کی مصنوعات میں ایسی پالیسیاں شامل ہوتی ہیں جس کا تعلق براہ راست منفرد اشخاص کی زندگی سے نہیں ہوتا ہے۔ اس طرح کی پالیسیاں پالیسی حاملین کو دولت اور صحت کے خطرات کے خلاف بیمہ کرتی ہیں۔

i) صحت بیمہ

ماضی قریب میں علاج کے اخراجات میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے۔ اب بس کسی ڈاکٹر کے پاس جانے کے لیے 300 سے 3000 روپے تک کا خرچ آتا ہے یہ اس پر منحصر ہے کہ آپ کہاں رہتے ہیں۔ اگر اپنے علاج معالجے کے لئے آپ کو کچھ دن اسپتال میں بھرتی رہنے کی ضرورت ہوتی ہے تو ، آپ کا بہت بڑا طبی بل آئے گا جو آپ کی بچت بری طرح متاثر کرسکتا ہے۔اس طرح کے مالی صدموں سے بچنے کے لیے، ہمیں خود انشورنس کروانا چاہئے۔ ہر بیمہ کمپنی طبی انشورنس پلان پیش کرتی ہے جس میں ہسپتال میں بھرتی کے اخراجات کو پورا کرنے والی بنیادی طبی نگہداشت کا احاطہ کیا جاتا ہے۔

ii) عدم صحت بیمہ

a) گاڑی/موٹر بیمہ

گاڑیوں کے بیمہ کو (جسے موٹر انشورنس / کار انشورنس / آٹو انشورنس بھی کہا جاتا ہے) ایک ایسا بیمہ جو سڑک پر چلنے والی گاڑیوں کے لئے خریدی جاتی ہے۔اس کا بنیادی مقصد گاڑی مالکان کو کسی قانونی ذمہ داری اور / یا گاڑی کو حادثاتی نقصان کے خطرہ سے تحفظ فراہم کرنا ہے۔گاڑیوں **کے انشورنس کی کوریج دو طرح کے ہوتے ہیں:**

موٹر فریق ثالث(ٹی پی) جواب دہی بیمہفریق ثالث بیمہ ایک قانونی تقاضا ہے اور سڑک پر چلنے والی ہر گاڑی کو لازمی طور پر یہ بیمہ ضرور لینا چاہئے۔گاڑی کا مالک کسی قانونی جگہ پر کسی عوامی جگہ پر گاڑی کے استعمال سے پیدا ہونے یا پیدا ہونے والے تفریق ثالث کے جان ومال کو ہونے والی کسی چوٹ یا نقصان کے لئے قانونی طور پر ذمہ دار ہے۔عوامی جگہ پر انشورنس کے بغیر موٹر گاڑی چلانا قابل سزا جرم ہے۔ بیمہ پالیسی میں کسی دوسرے کے املاک کو نقصان پہنچنے یا کسی ایسے حادثے کے نتیجے میں دوسرے افراد کے چوٹ یا موت کا کوریج کیا جاتا ہے جس کے لئے بیمہ دار کو قانونی طور پر ذمہ دار قرار دیا جاتا ہے۔

موٹر آون ڈیمیج(او ڈی) بیمہ کور:یہ بیمہ شدہ گاڑی کو ہوئے حادثاتی نقصان کا احاطہ کرتا ہے۔

ایسی پالیسیاں موجود ہیں جو ان میں سے کوئی یا درج بالا دونوں کا احاطہ کرتا ہے۔ کس چیز کا احاطہ کیا گیا ہے اس کوسمجھنے کے لیے اپنی پالیسی کی جانچ کرنا بہت ہے۔

b) ملکیت کا بیمہ

